© rasailojaraid.com



سے کم نہیں تمام اہل علم خصوصاً دورہ حدیث کے طلبہ کے لئے ایک انمول تحفہ اور قیمتی سوغات ہے۔

امید ہے کہ اہل علم اس کی قدر کر کے اس کے مطالعے سے اپنے آپ کو مستفید کروائیں گے، کتاب کی تدوین وترتیب کی ذمہ داری ان کی فرزند ارجمند مولانا ظاہر شاہ حقانی نے بخوبی نبھائی ہے، یہ کتاب ان کی حسن ذوق کا آئینہ دار ہے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کو شرف قبولیت عطا فرمائیں۔

- **مقالات سیرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ...... تالیف: ڈاکٹر حافظ سید خالد محمود ترمذی**

ضخامت: ۲۸۸ صفحات قیمت: ۵۰۰ ناشر: حسن قلم پبلیکشنز لاہور...... 0300 4717801

سیرت طیبہ ایک ایسا موضوع ہے کہ ہر ایک کا جی چاہتا ہے کہ میں اس موضوع پر کچھ نہ کچھ لکھ سکوں، اس مبارک سلسلہ میں غالباً ہر قلم کار، ہر مصنف، ہر کالم نگار اور ہر لکھاری نے یہ کوشش کی ہے اور سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر کچھ نہ کچھ لکھا ضرور ہے۔ ڈاکٹر حافظ سید خالد محمود ترمذی صاحب بھی ان ہی قلم کاروں، اور مصنفین میں سے ہیں جو سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر لکھنے کی مہارت بھی رکھتے ہیں اور تجربہ بھی انہوں نے بھی اس موضوع پر خوب لکھنے کی کوشش کی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب ''مقالات سیرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم'' موصوف کی تصنیف لطیف ہے، جس میں انہوں نے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مختلف پہلوؤں پر دلنشیں انداز میں سیر حاصل بحث کیا ہے اور اپنے موضوع اچھی اور بہترین کاوش ہے۔

- **اسوہ حسنہ چند عملی پہلو ............ تالیف: سید عزیز الرحمٰن**

ضخامت: ۴۳۲ صفحات قیمت: ۳۹۰ ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز کراچی

اسوہ حسنہ پر عمل کرنا ہمیں کامیابی کی راہ پر گامزن کرنے کا اہم وسیلہ ہے، اس راہ پر عمل پیرا انسان یقیناً کامیاب وکامران و بامراد ہونگے اور اس راہ پر نہ چلنے والا انسان نافرمان، سرکش اور شفاعت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے محروم ہونگے، یہ ہر مسلمان اور مومن کا عقیدہ ہے، اسوہ حسنہ کیا ہے؟ اسوہ حسنہ سے کیا مراد ہے؟ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوہ کیا تھا؟ ان سب سوالات کے جوابات مولانا سید عزیز الرحمٰن صاحب کے زیر تبصرہ کتاب ''اسوہ حسنہ چند عملی پہلو'' میں ہم ملاحظہ کر سکتے ہیں، مؤلف موصوف سیرت کے موضوع کے حوالے سے نہ صرف پاکستان میں بلکہ برصغیر کے اس پورے خطے میں ایک جانی پہچانی شخصیت ہے۔ اس کاوش میں انہوں نے مختلف مقالات کو اکھٹا کر کے شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے، اپنے موضوع پر بہترین تصنیف اور قیمتی سوغات ہے۔

© rasailojaraid.com